آیاتِ حفاظت

ملک التحریر علامہ محمد یحییٰ انصاری اشرفی

شیخ الاسلام اکیڈمی حیدرآباد

مکتبہ انوار المصطفیٰ 23-2-75/6 مغلپورہ۔ حیدرآباد

Rs. 8

آیات حفاظت

﴿وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمِ﴾ (البقرہ/۲۵۵)
اور اُن کی حفاظت اُس پر بھاری نہیں اور وہی ہے بہت بلند' بڑی عظمت والا۔

ہر عمل میں اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ سفر پر روانہ ہوتے وقت اس آیت کو تین مرتبہ پڑھکر اپنے سینے پر دم کرلیں اور ایک مرتبہ یہ دعا پڑھیں بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اس آیت کو ۴۰ مرتبہ پڑھکر دم کرنے سے جنات اور آسیبی اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔

﴿فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ﴾ (یوسف/۶۴)
اللہ ہی سب سے بہتر نگہبان ہے اور وہ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔

ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ اس آیت کو پڑھیں اور اپنے سینے پر دم کریں۔ رات کو سوتے وقت سات مرتبہ اپنے گھر کے

دروازے پر دم کردیں ان شآء اللہ چوری' آسیب' طاعون' زہریلے جانوروں وغیرہ سے حفاظت رہے گی۔

﴿وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ﴾ (الصّٰفّٰت/۷) اور (اُسے) ہر سرکش شیطان سے محفوظ رکھنے کے لئے (بھی مزین فرمایا)۔

شیطانی وساوس سے بطور خاص حفاظت اور وہم سے نجات کے لئے اس آیت کو صبح وشام پڑھتے رہیں۔

﴿وَحَفِظْنٰھَا مِنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ﴾ (الحجر/۱۷) اور ہم نے اُس کی حفاظت کی ہر شیطان مردود سے۔

سونے سے پہلے گیارہ مرتبہ پڑھکر اپنے سینے پر دم کریں ان شآء اللہ شیطانی چالوں سے محفوظ رہیں گے۔

﴿وَحِفْظًا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ﴾ (حٰم السجدہ/۱۲)
اور اُسے محفوظ کردیا' یہ اندازہ مقرر کیا ہوا ہے بڑے زبردست' بہت علم والے کا۔

۱۰۰ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کریں اور اپنے بچوں کو صبح وشام پلائیں ان شآء اللہ شیطانی اثرات سے' ماں باپ کی نافرمانی سے' بڑوں کی بے

ادبی سے محفوظ رہیں گے اور اپنی تعلیم کو دل لگا کر جاری رکھیں گے۔

﴿اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ﴾ (ھود/۵۷) بے شک میرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے۔

پانی پر سو مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھیں' پھر دو سو مرتبہ اس آیت کو پڑھکر پانی پر دم کریں اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور پانی کو گھر کے مختلف حصوں میں چھڑک دیں ان شآء اللہ ہر طرح کے اثرات سے حفاظت رہے گی۔

﴿وَرَبُّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ﴾ (سبا/۲۱) اور آپ کا رب ہر چیز پر نگہبان ہے۔ اس آیت کو سو مرتبہ پڑھا کریں ان شآء اللہ کاروبار نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔

جان ومال کی حفاظت

اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو بنایا ہے اور اسے قائم ودائم رکھنے کا ذمہ بھی خود ہی لیا ہے اس لئے وہ اپنی ہر بنائی ہوئی چیز کا محافظ ہے۔ جو بندہ

اُسے **یَاحَفِیْظُ** کہہ کر پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے جسم اور ایمان کی حفاظت کرتا ہے۔ خیال رہے کہ حقیقی نگہبان صرف رب تعالیٰ ہے مجازی نگران بہت بندے ہیں چنانچہ فوج ملک کی نگہبان' پولیس شہر کی نگہبان' فرشتے ہمارے نگہبان **'ویرسل علیکم حفظه'**
اگرچہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کا محافظ و وکیل ہے مگر اس کے باوجود ہم کو بھی اپنی حفاظت وغیرہ کا حکم ہے **خذوا حذر کم** کفار سے بچاؤ کے اسباب اختیار کرو۔ لہٰذا مصیبت کے وقت حاکم یا حکیم کے پاس جانا' یوں ہی ضرورت وحاجت کے وقت حضرات انبیاء و اولیاء کے آستانہ پر حاضری دینا درست ہے حضرات انبیاء و اولیاء ولایت الٰہی کے مظہر ہیں اُن کی مدد درحقیقت اللہ تعالیٰ کی ہی مدد ہے۔

اللہ کی حفاظت میں رہنے کا عمل

یَاحَفِیْظُ صبح وشام کثرت سے پڑھنے والا ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں ہوتا ہے شیطان اور دشمن کے حملوں سے محفوظ اور مامون رہتا ہے۔ اگر کسی مکان یا دکان میں **یَاحَفِیْظُ** ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے کونوں میں چھڑک دیں تو ان شآء اللہ مکان یا دکان ہمیشہ

محفوظ رہے گی اور کسی قسم کا ڈر اور خوف نہیں رہے گا۔ اگر کسی جنگل میں جارہے ہوں تو **یَاحَفِیْظُ** پڑھتے جائیں ان شآء اللہ موذی جانور کبھی قریب نہ آئے گا اور نہ کسی قسم کا نقصان پہنچا سکے گا۔
حادثات سے محفوظ رہنے کا عمل : **یَاحَفِیْظُ** حادثات سے محفوظ رہنے کے لئے بہت مؤثر ہے اس لئے جب بھی بس' ریل' کار' جہاز میں جائیں تو **یَاحَفِیْظُ** پڑھتے جائیں ان شآء اللہ بحفاظت منزل مقصود پہنچیں گے۔

وبائی امراض سے بچنے کا عمل

اگر کوئی شخص وَبا پھوٹنے کے دور میں **یَاحَفِیْظُ** ۳۹۹۲ مرتبہ روزانہ پڑھنا شروع کردے تو وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے وبائی امراض سے محفوظ رہے۔
☆ **'یاسلام'** پڑھنے سے مال' مکان اور ایمان میں سلامتی رہتی ہے نماز مغرب کے بعد وظیفے کے طور پر ۳۳ مرتبہ ہمیشہ پڑھتے رہیں ان شاء اللہ مال' جان اور ہر قسم کی آفات سے بحفاظت رہے گے۔
☆ دنیا میں جب فتنہ وفساد پیدا ہو جاتا ہے اور انسانوں کی جان و

مال خطرے میں پڑ جاتی ہے تو اس صورت میں اللہ تعالیٰ اپنی صفت مومن کی بنا پر ان لوگوں کو اپنی پناہ میں لاکر امن دے دیتا ہے۔
یَامُؤْمِنُ کثرت سے پڑھنے والے میں امن پسندی اور استقامت کی خصوصیات پیدا ہو جاتی ہے۔
☆ **"یَامُهَیْمِنُ"** مھیمن کے معنی ہیں مخلوق کے اعمال' ارزاق' احوال کا حافظ' گواہ دیکھ بھال اور نگرانی کرنے والا' محافظ' نگہبان' خوف سے امان دینے والا (تفسیر مظہری)
اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی روزی کی نگہبانی کرتا ہے دوسروں کے خوف سے چھپا کر ہم کو اپنی رحمت میں مامون کرتا ہے پھر کسی کا حق ضائع نہیں ہونے دیتا۔ جان کی حفاظت' دنیا کی آفتوں سے حفاظت' مکان کی حفاظت' دشمن سے حفاظت اور حافظہ قوی کرنے کے لئے **"یَامُهَیْمِنُ"** کا ورد بہت موثر ہے۔ جو شخص **یامهیمن** کا ورد کرے گا اس کے ظاہر و باطن میں نور پیدا ہوگا۔ دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اگر ایک سو مرتبہ اس کو پڑھا جائے تو بہت جلد کامیابی ہوگی۔
☆ نماز فجر سے پہلے اگر کوئی شخص مکان کے چاروں کونوں میں

دس دس مرتبہ **یارزاق** پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ مکان ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور غیب سے روزی آئے گی دوکان' دفتر' مکان باغات وغیرہ کی حفاظت و برکت کے لئے بھی یہ اسم مجرب ہے۔
☆ اگر کسی ظالم کا خوف ہو تو (۷۵) مرتبہ **یامُذل** نماز نفل میں سجدے میں پڑھیں ان شآء اللہ ظالم ظلم چھوڑ دے گا یا تباہ ہو جائے گا' حاسد کے حسد سے بھی حفاظت ہوگی' اگر کسی نے حق روک لیا ہے تو ادا کر دے گا۔
☆ جو شخص **یَامُحْصِیُ** نماز فجر کے بعد ۱۰ مرتبہ پڑھے وہ سارا دن شیطانی حملوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہے گا۔
☆ حمل ظاہر ہونے کے بعد جو شخص اپنی بیوی یا محرم کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ایک ہفتہ تک ننانوے مرتبہ **یَامُبْدِئُ** پڑھ کر دم کرے تو حمل محفوظ ہوگا اور اگر حمل نو ماہ سے زیادہ ہو جائے تو بھی اس کے ورد سے جلد بچہ صحیح سلامت پیدا ہوگا۔
☆ رات میں سوتے وقت **یَاحَسِیْبُ** ستر مرتبہ پڑھا جائے تو دشمنوں کی دشمنی' چوروں کے خوف' ہمسایہ کی بدی یہ تمام مقاصد

سات دن کے وظیفہ سے حاصل ہو جائیں گے۔ یہ وظیفہ جمعرات کو شروع کیا جائے اس دوران **حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ** اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھتے رہیں ہر مشکل سے نجات ہوگی۔ اگر کوئی شخص اس آیت کو جنگل میں درندوں کے خوف کے وقت پڑھے تو خوف دور ہو جائے گا۔ زلزلہ' آسمانی بجلی کے وقت اس دُعا کو پڑھا جائے تو پڑھنے سے آفات سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص اس دُعا کو روزانہ ٦٦ مرتبہ پڑھے وہ ان شآء اللہ ہر قسم کی وباؤں سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص حالتِ سفر میں کثرت سے پڑھے وہ بخیریت واپس آئے گا جو شخص مقروض ہو اور قرضہ ادا کرنے کا ذریعہ بنتا ہوا نظر نہ آئے تو اسے چاہیے کہ اس دُعا کو روزانہ صبح ١١٠٠ مرتبہ اور شام ١١٠٠ مرتبہ پڑھے ان شآء اللہ قرضہ ادا ہونے کا ذریعہ بن جائے گا۔

اگر اس دُعا کو روزانہ بعد نماز عصر ٧ مرتبہ پڑھا جائے تو پڑھنے والا ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے دامنِ حفاظت میں رہے گا۔

وظیفہ: ﴿**حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ**﴾ میرے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے جس کے سوا کو

ئی معبود ہونے لائق نہیں۔ اس پر میں نے بھروسہ کرلیا اور وہ عرش آعظم کا مالک ہے۔

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا نبی کریم ﷺ نے کہ جو شخص صبح وشام سات مرتبہ ﴿**حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ**﴾ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کے دُنیا اور آخرت کے ہر غم کے لئے کافی ہو جائے گا (روح المعانی)

☆ ﴿**وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا**﴾ اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔

جو شخص **'یَا رَقِیْبُ'** کی مداومت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اپنے نفس کی نگہبانی کی توفیق عطا فرماتا ہے اور وہ شیطانی حملوں سے محفوظ رہے گا۔

جب کوئی شخص سفر پر جائے تو گیارہ مرتبہ یہ دُعا پڑھ لے ان شآء اللہ حادثات سے محفوظ رہے گا اور خیر وعافیت سے منزل مقصود پر پہنچے گا۔ والدین جب اپنے بچوں کو اسکول سے باہر کہیں بھیجیں تو اُن کی

حفاظت کے لئے یہ دُعا پڑھ کر انہیں رخصت کریں ان شآء اللہ وہ بحفاظت گھر واپس آئیں گے۔

یَا رَقِیْبُ کا ورد خاص کر حفاظت حمل کے لئے ہے۔ مال واولاد کی حفاظت کے لئے' دشمنوں اور چوروں کے خطرات سے محفوظ رہنے کے لئے' حمل کی حفاظت کے لئے' سفر میں گمشدگی کی پریشانی سے بچنے کے لئے بھی مجرب ہے۔

سواری کی دُعا

جب سواری پر بیٹھے تو یہ دُعا پڑھ لے ان شآء اللہ حادثات سے محفوظ رہیں گے **اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ** (حصن حصین)

حفظ وامان کے لئے

حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے جانی ومالی نقصان سے بچنے اور ہر قسم کی آفات ومصائب سے محفوظ رہنے کے لئے یہ وظیفہ پڑھنے کی تلقین فرمائی' جو نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد تین تین مرتبہ پڑھ

لینے سے حادثات' مالی نقصان اور چوری وغیرہ سے حفاظت رہتی ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَايَسُوْقُ الْخَيْرَ اِلَّا اللّٰهُ ۚ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ مَايَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا اللّٰهُ ۚ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ وَمَابِكُمْ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۚ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

جان کی حفاظت کے لئے

حضرت پیر سید جماعت علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جان کی حفاظت کے لئے جو کوئی ہر روز نماز فجر کے بعد تین مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے ﴿**اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ۚ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۚ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ**﴾ اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنی انگلی پر دم کر کے اپنے اردگرد حصار کرے ان شآء اللہ

چوبیس گھنٹے تک اس کو کوئی بھی کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچا سکے گا اس کی جان محفوظ وسلامت رہے گی۔

ستر ہزار فرشتے حفاظت کرتے ہیں

جو شخص تین مرتبہ ﴿ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ﴾ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ستر ہزار فرشتے مبعوث فرمائیں گے' اگر رات کو پڑھے گا تو صبح تک حفاظت کریں گے اور اگر دن کو پڑھے گا تو شام تک حفاظت کریں گے۔

آیۃ الکرسی کے خصوصی فوائد اور خواص

جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی پڑھے' وہ ان شآء اللہ ہمیشہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔ جس جگہ یا مکان پر جنّات کا بسیرا ہو تو وہاں سے اُن کو خارج کرنے کے لئے اس کا ورد بہت مفید ہے۔ جب کوئی شخص کسی جنگل یا ویرانے سے گذرے اور اس کی تلاوت کرتا جائے تو ان شآء اللہ باہر کی ناری مخلوق اُسے کوئی نقصان نہیں پہونچا سکے گی۔ حصول رُوحانیت کے لئے بھی

اس کا پڑھنا بہت مفید ہے کیونکہ ستر ہزار ملائکہ اس کے پیچھے پابند ہیں جو کوئی سوتے وقت بستر پر لیٹ کر آیۃ الکرسی پڑھ لے تو اس کا اور اُس کے پڑوسیوں کا گھر چوری ڈکیتی اور آگ لگ جانے' غرض ساری اچانک مصیبتوں سے صبح تک محفوظ رہے گا۔ (کبیر)۔
جس گھر میں آیۃ الکرسی پڑھی جائے اُس گھر سے شیطان ایک ماہ تک اور جادوگر چالیس دن تک دُور رہتے ہیں (کبیر)
جو کوئی صبح وشام اپنے بچّوں پر آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر دے' وہ شیطان اور جادُو اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔ آیۃ الکرسی سے شیطان بھاگتے ہیں' بے چین دل کو چین آتا ہے' مرگی والے کو فائدہ ہوتا ہے' اس سے غصّہ' شر اور حرام شہوت دُور ہوتی ہے۔ ظالم کا ظلم کم ہوتا ہے مگر اخلاص شرط ہے۔ (رُوح البیان) ☆☆☆

حادثات سے بچنے کا وظیفہ

حضرت طلق فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابوالدرداء صحابی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ کا مکان جل

گیا' فرمایا نہیں جلا' پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی تو فرمایا نہیں جلا' پھر تیسرے آدمی نے یہی خبر دی آپ نے فرمایا نہیں جلا' پھر ایک شخص نے آ کر کہا کہ اے ابوالدرداء آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے تھے مگر جب آپ کے مکان تک آگ پہونچی تو بجھ گئی' فرمایا۔ مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرا مکان جل جائے) کیوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی (میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے اس لئے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا) وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَلَمْ یَشَاْ لَمْ یَکُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ' اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ' اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ

اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَا صِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

الٰہی تو میرا پروردگار ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں' میں نے تجھ پر بھروسہ کیا اور تو مالک ہے بڑے عرش کا' نہیں ہے طاقت گناہ سے بچنے کی اور قوت عبادت کرنے کی' مگر اللہ برتر عظمت والے کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ نے چاہا وہ ہوا' جو نہ چاہا نہیں ہوا' میں جانتا ہوں بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر علم سے محیط ہے' اور ہر چیز کو شمار سے گن رکھا ہے' الٰہی میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کی بُرائی سے اور ہر چلنے کی بُرائی سے کہ جس کی چوٹی تیرے قابو میں ہے' بے شک میرا رب سیدھی راہ پر ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمارے ایمان واعمال' جان ومال اور عزت وعصمت کی حفاظت فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین

وَصَلَّ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ